AQF / Fazil

10-01-2025

08.30 Hrs

HL-Opening

آکاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

(Music)

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں ............................ محمد عمار

پہلے اِس وقت کی خاص خبریں

---

1 صدر جمہوریہ دروپدی مرمو آج بھوبنیشور میں پرواسی بھارتیہ دِوَس کنونشن کی اختتامی تقریب سے خطاب کریں گی۔ محترمہ مرمو بھارتی برادری کے ممتاز افراد کو پرواسی بھارتی سمّان بھی عطا کریں گی۔

-2 انتخابی کمیشن دلّی اسمبلی انتخابات کے لیے آج نوٹیفکیشن جاری کرے گا۔

-3 بھارتی بحریہ کو چھٹی اور آخری جدید ترین Scorpene آبدوز موصول ہوئی۔

-4 اترپردیش کے وزیر اعلیٰ یوگی آدتیہ ناتھ آج آکاشوانی کے کُمبھ وانی چینل کا آغاز کریں گے۔

-5 اور خواتین کرکٹ میں، آج راجکوٹ میں، تین ایک روزہ بین الاقوامی میچوں کی سیریز کے پہلے میچ میں بھارت کا مقابلہ آئرلینڈ سے ہوگا۔

(Music)

اب خبریں تفصیل سے۔

PREZ-PRAVASI BHARTIYA SAMMAN

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو آج بھوبنیشور کے جنتا میدان میں، منعقدہ 18 ویں پرواسی بھارتیہ دِوَس کنونشن میں شرکت کریں گی۔ محترمہ مرمو، بیرونِ ملک مقیم بھارتیوں کے ممتاز افراد کو مختلف شعبوں میں اُن کے گراں قدر تعاون کے لیے پرواسی بھارتیہ سمّان بھی عطا کریں گی۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے۔ VC - Prakash Dash

*تین روزہ 18ویں پرواسی بھارتیہ دِوَس کنونشن کا آج آخری دن ہے۔ صدر جمہوریہ دروپدی مرمو آج کنونشن کی اختتامی تقریب کی صدارت کریں گی اور بیرونِ ملک مقیم بھارتی برادری سے خطاب کریں گی۔ وہ بھارتی برادری کے چنندہ ممبروں کو پرواسی بھارتیہ سمّان 2025 بھی عطا کریں گی۔ یہ سمّان*

ملک یا بیرونِ ملک سماجی یا انسانی ہمدردی کے کاموں میں نمایاں تعاون کرنے والے، نیز بھارت اور میزبان ملک کے درمیان رابطہ بنانے میں تعاون کرنے والے، اسی طرح متعلقہ ملک میں بھارت کے وقار کو بڑھانے کے لیے نمایاں تعاون پیش کرنے والے بیرونِ ملک مقیم بھارتی، بھارت نژاد افراد یا غیرمقیم بھارتی یا بھارت نژاد افراد کے ذریعے قائم تنظیم یا ادارے کو دیا جانے والا اعلیٰ ترین اعزاز ہے۔ اُڈیشہ کے وزیرِ اعلیٰ موہن چرن ماجھی آج شام کنونشن کے مقام پر بھارتی برادری کے اُڈیشہ سے تعلق رکھنے والے ارکان سے ملاقات کریں گے اور اُن کے ساتھ اُڈیشہ میں سرمایہ کاری سمیت دیگر معاملات پر تبادلۂ خیال کریں گے۔

بھوبنیشور سے پرکاش داس کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کے لیے میں...........

## DELHI ASSEMBLY NOTIFICATION

دلّی اسمبلی انتخابات کیلئے نوٹیفکیشن آج جاری کیا جائے گا۔ نوٹیفکیشن کے جاری ہونے کے ساتھ ہی کاغذات نامزدگی داخل کرنے کا عمل شروع ہوجائے گا۔ امیدوار 17 جنوری تک اپنے کاغذاتِ نامزدگی داخل کرسکتے ہیں۔ ہمارے نامہ نگار نے خبر دی ہے کہ اس ماہ کی 20 تاریخ تک نام واپس لئے جاسکتے ہیں۔

پیش ہے ایک رپورٹ۔ **V-C Dipendra**

امیدوار اپنے پرچۂ نامزدگی آسانی سے داخل کرسکیں، اس کیلیے سبھی تیاریاں کرلی گئی ہیں۔ 70 رُکنی اسمبلی کیلیے پولنگ 5 فروری کو ہوگی، جبکہ ووٹوں کی گنتی 8 فروری کو کی جائے گی۔ دلّی میں ایک کروڑ 55 لاکھ سے زیادہ ووٹر ہیں، جن میں 83 لاکھ مرد ووٹر اور 71 لاکھ خواتین ووٹر ہیں۔ حکمراں عام آدمی پارٹی نے سبھی اسمبلی سیٹوں کیلیے اپنے امیدواروں کے ناموں کا اعلان کردیا ہے۔ جبکہ BJP نے 19 امیدواروں اور کانگریس نے 48 امیدواروں کے ناموں کا اعلان کیا ہے۔ 2020 کے اسمبلی چناؤ میں عام آدمی پارٹی نے 62 سیٹیں جیتی تھیں، BJP کو 8 سیٹوں پر کامیابی ملی تھی اور کانگریس اپنا کھاتہ بھی نہیں کھول پائی تھی۔

دلّی سے دیپیندرکمار کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلیے میں ......

## INDIAN NAVY VAGHSHEER

بھارتی بحریہ کو Mazagon Dock Shipbuilders لمیٹڈ سے P-75 پروجیکٹ Vaghsheer کی چھٹی اور آخری Scorpene آبدوز موصول ہوئی۔ اس آبدوز کو بعد میں INS Vaghsheer کے طور پر بھارتی بحریہ میں شامل کیا

جائے گا۔ ایک سرکاری بیان کے مطابق Scorpene میں استعمال ہونے والی جدید ٹیکنالوجی اعلیٰ خصوصیات کی حامل ہے اور یہ گائیڈڈ ہتھیاروں کا استعمال کرتے ہوئے درست حملے کی صلاحیت کو یقینی بناتی ہے۔ Vaghsheer آبدوز، ٹورپیڈو اور ٹیوب سے لانچ کی جانے والی جہاز شکن میزائل سے زیرِ آب یا زمین پر دونوں طرح سے حملہ کر سکتی ہے۔ یہ آبدوز مختلف قسم کے مشن انجام دینے کی صلاحیت رکھتی ہے۔×

**VIKSIT BHARAT DIALOGUE**

Viksit Bharat Young Leaders Dialogue 2025 آج نئی دلّی کے بھارت منڈپم میں شروع ہوگا۔ نوجوانوں کے امور اور کھیلوں کی وزارت نے کہا کہ تین روزہ پروگرام کا مقصد نوجوانوں کو وِکست بھارت کے لیے اختراعی حل پیش کرنے کے لیے ایک منفرد پلیٹ فارم فراہم کرنا ہے۔ یہ نوجوان رہنماؤں کو پالیسی سازوں، قومی اور عالمی شخصیات کے ساتھ براہِ راست مشغول ہونے کا ایک موقع فراہم کرے گا۔ ملک کے مستقبل کی تشکیل کے لیے اپنے خیالات پیش کرتے ہوئے شرکاء موضوع سے متعلق پریزینٹیشنز اور مقابلوں میں حصہ لیں گے، جس میں دس شناخت شدہ موضوعات پر توجہ مرکوز کی جائے گی۔ ان میں وکاس بھی، وراثت بھی، وِکست بھارت کے لیے نوجوانوں کو بااختیار بنانا شامل ہے۔×

**JITENDRA SINGH- ISRO REVIEW**

سائنس اور ٹیکنالوجی کے وزیر مملکت ڈاکٹر جیتیندر سنگھ نے گگن یان کے تحت بھارت کے پہلے بغیر عملے کے خلائی مشن سمیت اِسرو کے آئندہ اہم خلائی مشنز کے سلسلے میں ایک اعلیٰ سطحی جائزہ میٹنگ کی صدارت کی۔ انہوں نے ملک کے خلائی شعبے سے متعلق اُمنگوں کو رفتار دینے کیلئے سرکاری نجی شراکت داری کی اہمیت پر زور دیا۔ اِسرو کے سبکدوش ہونے والے چیئرمین ڈاکٹر ایس سومناتھ، ان کے بعد عہدہ سنبھالنے والے ڈاکٹر وی نارائن اور دیگر سینئر عہدیداران نے اس میٹنگ میں شرکت کی۔×

**BREAK**

یہ خبرنامہ آکاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔

**GONG**

**MAHAKUMBH**

مہا کنبھ 2025 کا انعقاد اترپردیش کے پریاگ راج میں 13 جنوری سے 26 فروری تک کیا جائے گا۔ عظیم الشان تقریب کا آغاز پوش پورنیا پر پوِتر امرت اِسنان سے ہوگا اور مہاشیوراتری کے دن آخری امرت اسنان کے ساتھ مہاکنبھ

2025 اختتام پذیر ہوجائے گا۔اترپردیش کے وزیراعلیٰ یوگی آدتیہ ناتھ نے کہا ہے کہ اِس سال 40 کروڑ سے زیادہ عقیدت مندوں کے آنے کا امکان ہے، جس سے دو لاکھ کروڑ روپے کی اقتصادی ترقی کی امید ہے۔ وہ کل شام پریاگ راج میں مہاکنبھ کی تیاریوں کا جائزہ لینے کے بعد میڈیا کو تفصیل بتارہے تھے۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ مہاکنبھ 2025 عقیدے اور جدیدیت کا سنگم ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ پریاگ راج میں عقیدت مندوں کے محفوظ قیام کیلئے سبھی تیاریاں مکمل کرلی گئی ہیں۔

جناب آدتیہ ناتھ نے مہاکنبھ 2025 کیلئے ڈیجیٹل میڈیا سینٹر کا افتتاح بھی کیا۔ وہ پریاگ راج کے دو روزہ دورے پر ہیں۔عقیدت مندوں اور مہمانوں کی سلامتی کیلئے سیکورٹی کے وسیع تر انتظامات کئے گئے ہیں۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے۔ **V-C Anupam Mishra**

*مہاکنبھ نگر میں مندروں اور اہم مقامات پر سکیورٹی کا سخت بندوبست کیا گیا ہے۔ پریاگ راج میں مہا کنبھ میلے کے مقام پر اور پڑوسی اضلاع میں خفیہ نظام نصب کئے گئے ہیں۔کنبھ میلے کو سب سے بڑی آستھا کی تقریب بنانے کیلئے پرعزم اترپردیش حکومت نے کسی بھی ہنگامی صورتحال سے نمٹنے کیلئے ایک جامع منصوبہ تیار کیا ہے۔سنگم کے حصے میں کروڑوں عقیدت مندوں کی سلامتی کو یقینی بنانے کیلئے حکومت نے جدید ترین ٹیکنالوجی سے لیس واٹر پولیس اہلکاروں کا ایک بڑا دستہ تعینات کیا ہے۔*

*پریاگ راج سے انوپم مشرا کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں ......*

**KUMBHVANI LAUNCH**

مہا کمبھ 2025 کے موقع پر آکاشوانی کے کمبھ وانی چینل کا، آج اترپردیش کے پریاگ راج میں آغاز کیا جائے گا۔ اترپردیش کے وزیر اعلیٰ یوگی آدتیہ ناتھ، چینل کا افتتاح کریں گے۔ اطلاعات و نشریات کے وزیرمملکت ڈاکٹر ایل مروگن، اِس پروگرام میں ورچوئل وسیلے سے شامل ہوں گے۔ پروگرام کے دوران وزیر اعلیٰ کی جانب سے کمبھ منگل دُھن کا بھی آغاز کیا جائے گا۔ آکاشوانی کا 'کمبھ وانی چینل' آج سے 26 فروری تک مہا کمبھ پر مبنی کئی پروگرام نشر کرے گا، جنہیں صبح 5 بج کر 55 منٹ سے رات 10 بج کر 5 منٹ تک سنا جاسکے گا۔کمبھ وانی چینل پر امرت اسنان کا براہ راست تبصرہ بھی نشر کیا جائے گا۔ پروگرام، 103 میگا ہرٹز، newsonair ایپ اور waves OTT پر سنے جاسکیں گے۔×

**RIJIJU YOUTY PARLIAMENT**

پارلیمانی امور کے مرکزی وزیر کرن رجیجو آج نئی دلّی میں کیندریہ وِدیالیوں کے لیے 34 ویں قومی یوتھ پارلیمنٹ مسابقہ 2023-24 کے انعامات عطا کریں گے۔ پارلیمانی امور کی وزارت نے ایک بیان میں کہا ہے کہ کیندریہ وِدیالیہ سنگٹھن کے 25 علاقوں میں پھیلے ہوئے تقریباً 150 کیندریہ وِدیالیہ اِس مسابقہ کا حصہ رہے ہیں۔ اس میں مزید کہا گیا ہے کہ یوتھ

پارلیمنٹ اسکیم کا مقصد نوجوان نسل کے درمیان نظم و ضبط، مختلف خیالات سے متعلق رواداری اور جمہوری طرزِ زندگی کی دیگر خوبیاں پیدا کرنا ہے۔×

**BIRLA-SCOTLAND**

لوک سبھا اسپیکر اوم برلا نے کل زور دے کر کہا ہے کہ بھارت اور اسکاٹ لینڈ کے ممبر پارلیمنٹ کو اپنے تجربات سے AI کو استعمال کرنے کی ضرورت ہے۔ جناب برلا نے انگلینڈ، اسکاٹ لینڈ اور Guernsey کے اپنے دورے کے ایک حصے کے طور پر یہ رائے اسکاٹ لینڈ کے فرسٹ منسٹر John Swinney کے ساتھ ایک میٹنگ میں کیا۔ لوک سبھا سکریٹریٹ نے اپنے ایک پریس بیان کہا کہ دونوں رہنماؤں نے مشترکہ جمہوری اقدار اور دونوں ممالک کے باہمی اشتراک پر بات چیت کی۔ انہوں نے گرین اِنرجی، IT اور AI سمیت دیگر شعبوں پر بھی بات چیت کی۔×

**RAJNATH-AMBASSDORS**

وزیر دفاع راجناتھ سنگھ آج نئی دلّی میں، ایرو انڈیا 2025 سے قبل سفیروں کی گول میز میٹنگ کی صدارت کریں گے۔ وزارتِ دفاع کے مطابق اس پروگرام میں شرکت کرنے کے لیے 150 سے زیادہ دوست ممالک کے سفیروں اور ہائی کمشنروں کو دعوت نامہ بھیجا گیا ہے۔ ایشیاء کے سب سے بڑے فضائی شو کا 15 واں ایڈیشن ایرو انڈیا 2025 آج سے اگلے مہینے کی 14 تاریخ تک کرناٹک کے بنگلورو میں بھارتی فضائیہ کے اڈّے Yelahanka پر منعقد کیا جائے گا۔ ایرو انڈیا 2025 اندرونِ ملک دفاعی ساز و سامان تیار کرنے کے عمل میں تیزی لانے اور جدید ترین ٹیکنالوجی کو اُجاگر کرنے کی خاطر غیر ملکی اور بھارتی کمپنیوں کے درمیان شراکت داری قائم کرنے کے لیے ایک منفرد پلیٹ فارم فراہم کرے گا۔×

**P JAYACHANDRAN PASSES AWAY**

آزمودہ کار گلو کار پی جے چندرن کا آج رات تھریسور کے ایک اسپتال میں انتقال ہوگیا۔ وہ 80 برس کے تھے۔ چھ دہائیوں پر محیط اپنے شاندار کیریئر میں، جے چندرن نے ملیالم، تمل، تیلگو، ہندی اور کنڑ سمیت مختلف زبانوں میں 16,000 سے زیادہ نغمے گائے۔ اِن نغموں نے ملک بھر کے سامعین کو مسحور کیا۔ مختلف جذبات کو اپنی گرفت میں لیتے ہوئے ان کی روح پرور موسیقی نے انہیں جنوبی بھارت کے سنیما، خاص طور پر ملیالم فلم انڈسٹری کی سب سے مشہور آوازوں میں سے ایک بنا دیا۔ جے چندرن نے کئی ایوارڈز حاصل کیے، جن میں بہترین گلو کار کے لیے قومی فلم ایوارڈ، جے سی ڈینیئل ایوارڈ اور دیگر ایوارڈ شامل ہیں۔×

**RG KAR VERDICT**

کولکاتہ کی ایک خصوصی عدالت پچھلے سال اگست میں پیش آئے R G Kar میڈیکل کالج اور اسپتال کی جونیئر خاتون ڈاکٹر کی آبرو ریزی اور قتل کے معاملے میں آئندہ 18 جنوری کو اپنا فیصلہ سنائے گی۔ یہ فیصلہ پچھلے سال 11 نومبر کو شروع ہوئی ٹرائل کے 68 دن کے بعد سنایا جائے گا۔ پچھلے سال 9 اگست کی صبح R G Kar میڈیکل کالج کے سیمینار ہال سے جونیئر خاتون ڈاکٹر کی لاش برآمد ہوئی تھی۔ ×

**WOMEN CRICKET-ODI**

خواتین کرکٹ میں بھارت اور آئرلینڈ کے درمیان تین ایک روزہ بین الاقوامی میچوں کی سیریز کا پہلا میچ آج گجرات کے راجکوٹ میں سوراشٹر کرکٹ ایسوسی ایشن اسٹیڈیم میں کھیلا جائے گا۔ یہ میچ صبح 11 بجے شروع ہوگا۔ اِسمرتی مندھانا بھارتی ٹیم کی قیادت کریں گی۔ 2006 کے بعد سے آئرلینڈ کے ساتھ بھارت کی یہ پہلی خواتین ODI سیریز ہے۔×

**IMD-WEATHER**

بھارتی موسمیات محکمے IMD نے آج پنجاب، ہریانہ، چنڈی گڑھ اور اترپردیش کے کچھ حصوں میں صبح سویرے اور رات کے دوران گھنا کہرا چھائے رہنے کی پیشگوئی کی ہے۔ بہار، جھارکھنڈ، ہماچل پردیش، اڈیشہ اور شمال مشرقی ریاستوں میں بھی آئندہ دو دنوں تک اسی طرح کی صورتحال رہے گی۔ محکمہ موسمیات نے کہا ہے کہ جموں وکشمیر، لداخ، گلگت، مظفرآباد اور ہماچل پردیش میں آج سرد لہر جاری رہنے کا امکان ہے۔ اس دوران دلّی اور اُس سے متصل علاقوں میں آج صبح سویرے گھنا کہرا چھایا رہا، جس کے سبب مختلف ریل گاڑیوں اور پروازوں کی آمد ورفت متاثر ہوئی۔×

یہ خبریں ہماری ویب سائٹ: news on air.com slash urdu پر بھی دستیاب ہیں۔

**GONG**

**PRESS COMMENTS**

اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: ...... اسداللہ

شکریہ – محمد عمار

قومی راجدھانی دلّی سے شائع ہونے والے آج کے بیشتر اردو اخباروں نے الگ الگ خبروں کو شہ سرخی بنایا ہے۔ روزنامہ انقلاب، راشٹریہ سہارا اور ہندوستان ایکسپریس نے وزیراعظم نریندر مودی کے اس بیان کو صفحہ اول پر شائع کیا ہے، جس میں انہوں نے کہا کہ پرواسی بھارتیوں میں بھارت کا دل دھڑکتا ہے، وہ جس بھی ملک میں جاتے ہیں، بھارتی ثقافت اور اقدار کو

زندہ رکھتے ہیں۔ روزنامہ ملاپ اور ہندوستان ایکسپریس نے وزیر داخلہ امت شاہ کے اس بیان کو نمایاں کیا ہے کہ پولیس بیورو کو جیل حکام اور فورنسک ماہرین کے ساتھ مل کر جرائم کی روک تھام کے سلسلے میں تجزیہ کرنا چاہیئے۔

روزنامہ ہندوستان ایکسپریس سمیت کئی اخباروں نے وزیر دفاع راج ناتھ سنگھ کے ذریعہ آج نئی دلّی میں 'ایرو انڈیا 2025' سے سفیروں کی گول میز میٹنگ کی صدارت کرنے کی خبر کو نمایاں کیا ہے۔ اس کے علاوہ آج کے اردو اخباروں نے یوم جمہوریہ کی مناسبت سے راجدھانی دلّی میں سکیورٹی کے پختہ انتظامات کئے جانے، بھارت کی شمسی توانائی کی صلاحیت 2030 تک 214 گیگاواٹ تک پہنچنے کی خبر کو نمایاں کیا ہے۔

اخبارات کی بین الاقوامی خبریں کچھ اس طرح ہیں:

- ☆ امریکہ کے جنوبی کیلیفورنیا میں لگی آگ بے قابو، لاکھوں افراد متاثر۔
- ☆ لبنان میں آرمی چیف جوزف عون ملک کے صدر منتخب۔
- ☆ پاکستان کی سکیورٹی فورسز نے ضلع کیچ کے چار افراد کو کیا اغوا۔×

## آخر میں خاص خبریں ایک بار پھر

1 صدر جمہوریہ دروپدی مرمو آج بھوبنیشور میں پرواسی بھارتیہ دِوَس کنونشن کی اختتامی تقریب سے خطاب کریں گی۔ محترمہ مرمو بھارتی برادری کے ممتاز افراد کو پرواسی بھارتی سمّان بھی عطا کریں گی۔

2- انتخابی کمیشن دلّی اسمبلی انتخابات کے لیے آج نوٹیفکیشن جاری کرے گا۔

3- بھارتی بحریہ کو چھٹی اور آخری جدید ترین Scorpene آبدوز موصول ہوئی۔

4- اترپردیش کے وزیر اعلیٰ یوگی آدتیہ ناتھ آج آکاشوانی کے کُمبھ وانی چینل کا آغاز کریں گے۔

5- اور خواتین کرکٹ میں، آج راجکوٹ میں، تین ایک روزہ بین الاقوامی میچوں کی سیریز کے پہلے میچ میں بھارت کا مقابلہ آئرلینڈ سے ہوگا۔

اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔

---------------------------------------